41

سعودی عرب میں مقیم پاکستانی کس چاند کے مطابق احکام پر عمل کرے

مفتیان وعلماء کرام ومشائخ عظام ! میں سعودی عرب میں مقیم ہوں مگر میں اپنی قربانی پاکستان میں اپنے اہل وعیال کے ہاں کرنا چاہتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ میں اپنے بال اور ناخن وغیرہ سعودی عرب میں چاند نظر آنے کے لحاظ سے کٹواؤں یا پاکستان کے لحاظ سے، اسی طرح کس ملک کی عید الاضحیٰ یعنی قربانی کے بعد بال وغیرہ تراشنا ہوں گے؟ رہنمائی فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

الجواب بعون الوهاب وهو الموفق للصواب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ أَمَّا بَعْدُ!

جب سعودی عرب میں ذوالحجہ کا چاند نظر آجائے تو آپ اپنے بال اور ناخن وغیرہ نہ کاٹیں اور پاکستان میں عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد جب آپ کی قربانی کا جانور ذبح ہوجائے تو آپ اپنے بال وغیرہ کاٹ لیں۔

2 ذوالحجہ کا چاند دیکھ کر ناخن اور بال وغیرہ کاٹنے سے رکنے کا حکم مندرجہ ذیل حدیث میں ہے۔

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ «إِذَا رَأَيْتُمْ هِلَالَ ذِى الْحِجَّةِ وَأَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يُضَحِّيَ فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعْرِهِ وَأَظْفَارِهِ»

”سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم ذوالحجہ کا چاند دیکھو اور تم میں

سے کوئی قربانی کا ارادہ رکھتا ہو تو وہ اپنے بال اور ناخن نہ کاٹے۔" [1]

اسی طرح قربانی کا جانور ذبح ہو جانے کے بعد بال اور ناخن تراشنے کی اجازت اس حدیث میں مذکور ہے۔

2 سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«مَنْ كَانَ لَهُ ذِبْحٌ يَذْبَحُهُ فَإِذَا أُهِلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ فَلَا يَأْخُذَنَّ مِنْ شَعْرِهِ وَلَا مِنْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا حَتَّى يُضَحِّيَ»

"جس شخص کے پاس ذبح کرنے کے لئے کوئی ذبیحہ ہو تو جب ذوالحجہ کا چاند نظر آجائے، وہ ہرگز اپنے بال اور ناخن نہ کاٹے، یہاں تک کہ قربانی کرلے (پھر بال اور ناخن کاٹے)۔" [2]

لہٰذا آپ سعودی عرب میں ذوالحجہ کا چاند نظر آنے سے پہلے پہلے اپنے ناخن اور بال وغیرہ کاٹ لیں اور جب پاکستان میں عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کرنے کے بعد آپ کی قربانی کا جانور ذبح ہوجائے تو آپ اپنے ناخن وغیرہ کاٹ سکتے ہیں۔

والله تعالى أعلم وإسناد العلم إليه أسلم وصلى الله على نبينا محمّد وعلى آله وصحبه أجمعين

مفتیانِ عظام وعلماء کرام

#	مفتیان کرام	دستخط	#	مفتیان کرام	دستخط
1	حافظ محمد شریف حفظہ اللہ (فیصل آباد)		2	عبدالعزیز نورستانی حفظہ اللہ (پشاور)	
3	مفتی بلال عبدالکریم حفظہ اللہ (گلگت)		4	ثناء اللہ زاہدی حفظہ اللہ (صادق آباد)	
5	غلام مصطفی ظہیر حفظہ اللہ (سرگودھا)		6	عبدالغفار اعوان حفظہ اللہ (اوکاڑہ)	
7	مفتی مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ (لاہور)		8	مفتی محمد انس مدنی حفظہ اللہ (کراچی)	

[1] صَحِيح مُسْلِم، كِتَابُ الْأَضَاحِي، بَابُ نَهْيِ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِ عَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ وَهُوَ مُرِيدُ التَّضْحِيَةِ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ شَعْرِهِ أَوْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا، حدیث:5234. [2] صَحِيح مُسْلِم، كِتَابُ الْأَضَاحِي، بَابُ نَهْيِ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِ عَشْرُ ذِي الْحِجَّةِ وَهُوَ مُرِيدُ التَّضْحِيَةِ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ شَعْرِهِ أَوْ أَظْفَارِهِ شَيْئًا، حدیث:5236.

9	واصل واسطی حفظہ اللہ (کوئٹہ)	واصل واسطی	10	ڈاکٹر کندی حفظہ اللہ (کشمیر)	

مشرف عام
حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ

نائب رئیس
مفتی ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ

رئیس
مفتی حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ